لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور ساہیوال
کے تمام بورڈز سال 2014ء تا 2025ء کے حل شدہ پیپرز (پہلا اور دوسرا گروپ)

الرازی

# اَپ ٹو ڈیٹ پیپرز

تیاری برائے امتحان سال 2026ء

10





اصل بورڈ پیپرز 2025 کا مکمل حل

الرازی 100 فارمولا گیس پیپرز 100

## منفرد خصوصیات

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز برائے سالانہ امتحان 2026ء کے مطابق تیار کردہ ANALYTICAL & CONCEPTUAL اسیسمنٹ پیپرز
- سال 2025ء کے تمام بورڈ پیپرز کا مکمل حل
- مشقی سوالات کا مکمل حل

# اِسلامیات (اختیاری)

# الرازی

# اَپ ٹوڈیٹ پیپرز

# اسلامیات (اختیاری)

ALRAZI PUBLICATIONS

پنجاب بھر کے تمام سیکنڈری بورڈز کے نئے جاری کردہ سال 2026ء کے ماڈل پیپر کے عین مطابق

پنجاب بھر کے تمام بورڈز لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور ساہیوال کے سال 2025ء کے حل شدہ پیپرز (پہلا اور دوسرا گروپ)

Knowledge — نالج
Understanding — انڈرسٹینڈنگ
Application — اپلی کیشن
Analytical — تجزیاتی
Conceptual — تصوراتی

بنیاد پر تیار کردہ

سالانہ امتحان میں مختصر وقت میں 100 فیصد کامیابی کے حصول کے لیے الرازی 100/100 فارمولا

الرازی

# اپ ٹو ڈیٹ پیپرز

# اِسلامیات (اختیاری)

# 10

1. امتحانی تیاری کے لیے یونٹ وائز نوٹس (ریڈنگ میٹیریل Reading Material)
2. یونٹ وائز فارمیٹو اسیسمنٹ (Formative Assessment) ماڈل پیپرز
3. ہاف بک اور فل بک اسیسمنٹ پیپرز
4. الرازی کلاس ٹیسٹ (ہر یونٹ کے تین عدد ٹیسٹ)

AL-RAZI PUBLICATIONS
الرازی

# اس کتاب کو کیسے استعمال کیا جائے؟

## 1 یونٹ وائز نوٹس (ریڈنگ میٹیریل Reading Material) الرازی



اس حصے میں ہر فارمیٹو اسیسمنٹ کے سلیبس کے مطابق یونٹ وائز ریڈنگ میٹیریل دیا گیا ہے تاکہ طلبہ فارمیٹو اسیسمنٹ کو حل کرنے سے پہلے اس کی تیاری کر سکیں۔ یہ میٹیریل سابقہ بورڈ پرچہ جات سے ترتیب دیا گیا ہے۔

## 2 یونٹ وائز ماڈل پیپرز (فارمیٹو اسیسمنٹ) نیا بورڈ پیپر پیٹرن (25% Analytical اور Conceptual) الرازی



اس حصے میں Bloom Taxonomy کے لیولز اور بورڈ کی دی گئی ریشو (25% Analytical اور Conceptual) پیپر پیٹرن کے مطابق اسیسمنٹ پیپرز تیار کیے گئے ہیں تاکہ طلبہ بورڈ کے طریقہ کار کے مطابق تیاری کر سکیں۔

## 3 ہاف بک اور فل بک اسیسمنٹ پیپرز (بورڈ پیٹرن) (25% Analytical اور Conceptual) الرازی



اس حصے میں بورڈز کے نئے پیپر پیٹرن (نالج، انڈرسٹینڈنگ، اپلی کیشن اور 25% Analytical اور Conceptual سوالات کے مطابق ہاف بک وائز اور فل بک وائز اسیسمنٹ پیپرز دیے گئے ہیں۔ یہ پیپرز دراصل طلبہ کی دوہرائی کے لیے ہیں تاکہ امتحان میں نمایاں نمبرز حاصل کر سکیں۔

# اس کتاب کو کیسے استعمال کیا جائے؟

## 4 سال 2023ء کے پنجاب بھر کے تمام بورڈز کے پرچہ جات اور ان کا مکمل حل — الرازی



طلبہ کی Summative Assessment کے لیے 2023ء کے تمام بورڈز کے اپ ٹو ڈیٹ پرچہ جات دیے گئے ہیں۔ ان پرچہ جات کو اس طریقہ سے بنایا گیا کہ اساتذہ کرام ان کو کاٹ کر الگ کر سکتے ہیں اور طلبہ کا امتحانی جائزہ لے سکتے ہیں۔ اس سے اساتذہ کرام کے فوٹو کاپی کے اخراجات ختم ہو جائیں گے۔

## 5 الرازی گیس $\frac{100}{100}$ فارمولا (100 MCQs اور 100 Short Questions) — الرازی



اوسط درجے کے طلبہ کی امتحانی تیاری کے لیے الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا دیا گیا ہے جس میں سابقہ امتحان میں بار بار پوچھے گئے 100 معروضی اور 100 مختصر جوابی سوالات دیے گئے ہیں یہ حصہ گیس پیپرز کی حیثیت رکھتا ہے اور اس حصہ کی تیاری سے اِن شاء اللہ طلبہ بہترین نمبر حاصل کر سکیں گے۔

## 6 الرازی کلاس ٹیسٹ (ہر یونٹ کے ٹیسٹ) — الرازی



اس حصے میں بورڈز کے نئے پیپر پیٹرن (نالج، انڈرسٹینڈنگ، اپلی کیشن اور 25% Conceptual اور Analytical سوالات کے مطابق ہر چیپٹر کے پیریڈ وائز کلاس ٹیسٹ دیے گئے ہیں۔ اساتذہ کرام ان کو کاٹ کر الگ کر سکتے ہیں۔ اس سے اساتذہ کرام کے فوٹو کاپی کے اخراجات ختم ہو جائیں گے۔


| | |
|---|---|
| چیئر مین | غلام مجتبیٰ (جی ایم) |
| ڈائریکٹر ایڈمن | محمد رضوان |
| مصنفین | ڈاکٹر آصف سلطان سلوترا، عبدالرؤف ریحان (EST Arabic) |
| کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ | کامران خان، عمر نواز |
| پروف ریڈنگ وایڈیٹنگ | رائے محمد اکبر کھرل |

# فہرست


| سیکشن نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| یونٹ وائز نوٹس 1 ریڈنگ میٹیریل Reading Material | **ریڈنگ میٹیریل 1** باب اول: القرآن آیات جز 11, 12, 13 | 5 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 1** | 11 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 2** باب اول: القرآن آیات جز 14, 15, 16 | 13 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 2** | 16 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 3** باب اول: القرآن آیات جز 17, 18, 19 | 18 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 3** | 26 |
| یونٹ وائز ماڈل پیپرز 2 (فارمیٹو اسیسمنٹ) نیا بورڈ پیپر پیٹرن Conceptual اور Analytical 25% | **ریڈنگ میٹیریل 4** احادیث 13, 14, 15, 16 | 28 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 4** | 32 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 5** احادیث 17, 18, 19, 20 | 34 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 5** | 39 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 6** احادیث 21, 22, 23, 24, 25 | 41 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 6** | 47 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 7** اسباق جز 1, 2, 3, 4 | 49 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 7** | 57 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 8** اسباق جز 5, 6, 7, 8 | 59 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 8** | 66 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 9** اسباق 9, 10, 11 | 68 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 9** | 73 |
| | **ریڈنگ میٹیریل 10** گرامر | 75 |
| | **فارمیٹیو اسیسمنٹ نمبر 10** | 81 |
| ہاف بک اور فل بک اسیسمنٹ پیپرز 3 نیا بورڈ پیپر پیٹرن Conceptual اور Analytical 25% | فرسٹ ہاف بک اسیسمنٹ (القرآن آیات: 11 تا 16، احادیث: 13 تا 20 اسباق: 1 تا 8، گرامر) | 83 |
| | سیکنڈ ہاف بک اسیسمنٹ (القرآن آیات: 17 تا 19، احادیث: 21 تا 25 اسباق: 9 تا 11، گرامر) | 85 |
| | فل بک اسیسمنٹ (القرآن آیات: 11 تا 16، احادیث: 13 تا 20 اسباق: 1 تا 8، گرامر) | 87 |
| سال 2023ء کے 4 پنجاب بھر کے تمام بورڈز کے پرچہ جات اور اِن کا مکمل حل | سابقہ بورڈ پرچہ جات 2023ء | 99 |
| | جوابات | 108 |
| 5 | **الرازی** 100/100 فارمولا (100 MCQs اور 100 Short Questions) | 128 |
| 6 | **الرازی** کلاس ٹیسٹ | 131 |
| 7 | سابقہ بورڈ پرچہ جات 2025ء | 137 |

## ریڈنگ میٹیریل برائے فارمیٹو اسیسمنٹ-1 | باب اوّل: القرآن آیات جز 11, 12, 13 | بورڈ پیپرز 2013-25ء سے ماخوذ

### کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

### نالج (Knowledge)

1۔ قرآن پاک کو قبول یا نہ قبول کرنے کے لحاظ سے انسان کتنے گروہوں میں منقسم ہے؟ [LHR-I-23][FSSD-I-24]
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

2۔ قیامت کے دن صور پھونکنا ذمہ داری ہے: [BWP-II-24][SGD-I-25]
(A) حضرت جبریل علیہ السلام کی (B) حضرت میکائیل علیہ السلام کی
(C) حضرت عزرائیل علیہ السلام کی (D) حضرت اسرافیل علیہ السلام کی

3۔ انسانوں کا نامہ اعمال کون لکھتے ہیں؟ [MTN-I-24][DGK-I-25]
(A) منکر نکیر (B) ھابیل قابیل
(C) کراماً کاتبین (D) ھاروت وماروت

4۔ صبر کے کڑے اور سخت مواقع ہیں: [LHR-II-23][GUJ-I-25]
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

5۔ ’’ ذوی القربیٰ ‘‘ سے مراد ہے: [GUJ-I-23]
(A) والدین (B) ہمسائے (C) رشتہ دار (D) غریب لوگ

6۔ ’’ الٓمّٓ ‘‘ یہ حروف کہلاتے ہیں: [DGK-II,SGD-I-24][RWP-I-25]
(A) عطف (B) مقطعات (C) جار (D) ضمائر

7۔ شک وشبہ سے پاک کتاب ہے: [GUJ-II,SGD-II-23]
(A) تورات (B) زبور (C) انجیل (D) قرآنِ مجید

8۔ حدیثِ مبارکہ کے مطابق منافق کی علامات ہیں: [GUJ-II, DGK-II-23]
(A) 2 (B) 3 (C) 5 (D) 7

9۔ سورۂ بقرہ میں انسانوں کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا گیا؟ [RWP-I, FSD-I-23]
(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

10۔ آیت میں صبر کے مواقع بیان ہوئے ہیں: [RWP-I-23][GUJ-I-25]
(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

11۔ قرآن پاک رہنمائی کے لیے نازل ہوا: [SGD-I]
(A) چند لوگوں کے لیے (B) ایشیا کے لیے
(C) یورپ کے لیے (D) تمام بنی نوع انسان کے لیے

12۔ جنت اور دوزخ میں داخل کرنے کا مرحلہ ہے: [SGD-I-23]
(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

13۔ قرآنِ مجید میں نماز کے ساتھ ساتھ ذکر آیا ہے: [MTN-I-23]
(A) صدقہ (B) زکوٰۃ (C) روزہ (صوم) (D) حج

14۔ وعدہ خلافی علامت ہے: [SGD-I, DGK-I, DGK-II, MTN-I-23]
(A) مسلمان کی (B) مجوسی کی (C) کافر کی (D) منافق کی

15۔ ’’لَا رَیْبَ‘‘ کتاب ہے: [DGK-I-23][LHR-I-25]
(A) تورات (B) زبور (C) انجیل (D) قرآن مجید

16۔ قرآن مجید ________ کتاب ہے۔ [BWP-I-23]
(A) پہلی (B) دوسری (C) تیسری (D) آخری

17۔ قرآن مجید کے مطابق ________ غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔ [BWP-II-23]
(A) یہود (B) عیسائی (C) متقین (D) منافقین

18۔ منافقین مسلمانوں سے کیا کرتے تھے: [SWL-23]
(A) مدد (B) مذاق (C) مقابلہ (D) دوستی

19۔ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں: [SWL-23]
(A) ہندو (B) کافر (C) سکھ (D) مومن

20۔ کراماً کاتبین ہیں: [DGK-I-24]
(A) دوست (B) انبیاء (C) ضرورت مند (D) فرشتے

21۔ ابن السبیل سے مراد ہے: [MTN-I,AJK-II,GUJ-I/II]
(A) مسافر (B) مقیم (C) لاوارث (D) یتیم

22۔ تفصیل سے لکھتے ہیں: [MTN-II]
(A) عزرائیل (B) اسرافیل (C) پیغمبر علیہ السلام (D) کراماً کاتبین

23۔ کن کے دل میں روگ ہے؟ [RWP-I]
(A) عوام (B) منافقوں (C) عیسائیوں (D) مشرکوں

24۔ ڈرانا یا نہ ڈرانا برابر ہے: [RWP-II]
(A) مسلمانوں کو (B) سکھوں کو (C) کافروں کو (D) ہندوؤں کو

### انڈرسٹینڈنگ (Understanding)

25۔ ’’ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ‘‘ کس سورۂ مبارکہ کی آیت ہے؟ [LHR-II-23]
(A) سورۂ لقمان (B) سورۂ الفیل (C) سورۂ البقرہ (D) سورۂ الملک

26۔ ’’ قَدَّمَتْ ‘‘ کا معنی ہے: [RWP-I-23]
(A) نصیحت کی (B) منع کیا (C) پیچھے چھوڑا (D) آگے بھیجا

27۔ سورہ بقرہ کے مطابق ان کی آنکھوں پر پردہ ہے: [RWP-I-23]
(A) منافقوں کی (B) کافروں کی (C) برے لوگوں کی (D) مشرکین کی

28۔ ’’ کواکب ‘‘ کا معنی ہے: [RWP-II-23]
(A) ستارہ (B) ستارے (C) سیّارہ (D) سیارے

29۔ نیک لوگوں کے اعمال نامے ان کے ________ میں ہوں گے۔ [FSD-I-23]
(A) دائیں ہاتھ (B) بائیں ہاتھ (C) سر پر (D) دونوں ہاتھوں

30۔ آیت کے مطابق نفاق ایک بیماری ہے: [RWP-I-24][MTN-I-25]
(A) قلبی (B) جسمانی (C) روحانی (D) دماغی

AL RAZI PUBLICATIONS

31۔ "یُخٰدِعُوْنَ" کا معنی ہے: [SGD-I-23]
(A) دھوکا دیتے ہیں (B) یقین کرتے ہیں
(C) جانتے ہیں (D) مذاق کرتے ہیں

32۔ "رِقَابٌ" کا مطلب ہے: [DGK-II-23][MTN-I-23]
(A) ہاتھ (B) گردنیں (C) چہرے (D) پاؤں

33۔ اللہ تعالیٰ نے دلوں پر مہر لگا دی ہے: [RWP-I-24][MTN-I-25]
(A) بُرے لوگوں کے (B) کافروں کے
(C) منافقین کے (D) مشرکین کے

34۔ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ______ کی آیت ہے۔ [SWL-23]
(A) سورۃ الاخلاص (B) سورۃ النساء
(C) سورۃ البقرہ (D) سورۃ الانفطار

35۔ اَلسُّفَهَآءُ کا معنی ہے: [LHR-II,SGD-I,MTN-I]
(A) عقل مند (B) اندھے (C) بے وقوف (D) بہرے

36۔ کَاتِبِیْنَ کا ترجمہ ہے: [RWP-II,DGK-II,BWP-I]
(A) دیکھنے والے (B) بولنے والے
(C) لکھنے والے (D) چاہنے والے

37۔ لوگوں کا تیسرا گروہ ہے ایمان کے اعتبار سے: [LHR-II]
(A) مشرک (B) کافر (C) منافقین (D) مومنین

38۔ "اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ" کا ترجمہ ہے: [FSD-I,SWL-I]
(A) جب آسمان برس پڑے گا (B) جب آسمان پھٹ جائے گا
(C) جب آسمان سیاہ ہو جائے گا (D) جب آسمان مینہ برسائے گا

39۔ کوکب کا معنی ہے: [FSD-II]
(A) سیارہ (B) چاند (C) ستارہ (D) سورج

40۔ غِشَاوَةٌ کے معنی ہیں: [LHR-I]
(A) غشی طاری ہونا (B) کھو جانا
(C) پردہ (D) غائب ہو جانا

41۔ بِرٌّ کے معنی ہیں: [RWP-I/II,DGK-I/II,MTN-II,BWP-I/II]
(A) نیکی (B) بڑائی (C) اچھائی (D) احسان

42۔ منافق دھوکہ دیتے ہیں: [GUJ-I,MTN-I]
(A) رشتہ داروں کو (B) غریبوں کو
(C) خود کو (D) کسی کو نہیں

43۔ یَعْلَمُوْنَ کا معنی ہے: [FSD-I]
(A) وہ کھاتے ہیں (B) وہ پیتے ہیں
(C) وہ جانتے ہیں (D) وہ آتے ہیں

44۔ اَلْبِحَارُ کے معانی ہیں: [LHR-II]
(A) سمندر (B) دریا (C) ندی (D) وادی

45۔ جَحِیْمٌ کے معنی ہیں: [LHR-II,GUJ-I]
(A) دوزخ (B) جنت (C) آسمان (D) ستارے

46۔ اَلرِّقَابُ کے معانی ہیں: [LHR-I,GUJ-I,RWP-I]
(A) گردنیں (B) اجسام (C) ہاتھ (D) ٹانگیں

47۔ مُفْسِدُوْنَ کا واحد ہے: [MTN-II]
(A) فَسَادٌ (B) فَسَد (C) مُفْسِدٌ (D) یُفْسِدُ

48۔ عہد کے بارے میں باز پرس ہوگی: [BWP-I]
(A) سکول میں (B) قبر میں (C) قیامت میں (D) دنیا میں

49۔ بلاشبہ نیک لوگ ہوں گے: [MTN-I]
(A) اطمینان میں (B) جنت میں (C) آسمان پر (D) زمین پر

50۔ اِذَا کا معنی ہے: [MTN-II]
(A) تب (B) جب
(C) کب (D) شب

51۔ بُعْثِرَتْ کے معانی ہیں: [SWL-II]
(A) کھودی جائیں گی (B) لائی جائیں گی
(C) جوڑی جائیں گی (D) بکھر جائیں گی

52۔ "الباساء" اور "الضرا" مواقع ہیں: [LHR-II]
(A) ذکر (B) صبر (C) شکر (D) عدل

53۔ فُجَّارٌ کے معنی ہیں: [GUJ-II]
(A) لکھنے والے (B) آرام و آسائش والے
(C) بدکار لوگ (D) اکٹھا کیا

54۔ هُدًى کا معنی ہے: [LHR-I]
(A) ہدایت (B) لکھنا (C) پڑھنا (D) کھانا

55۔ تقویٰ کے معنی ہیں: [GUJ-II]
(A) پارسائی (B) بدکار (C) روزہ دار (D) پرہیزگار

56۔ جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں: [FSD-I]
(A) دہریہ لوگ (B) یہودی (C) ہندو (D) منافق

57۔ "اِنْفَطَرَتْ" فعل ہے: [MTN-II]
(A) فعل امر (B) فعل ماضی
(C) فعل مستقبل (D) فعل حال

58۔ ساری نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے منہ پھیر لو.................. [BWP-I]
(A) شمال کی طرف (B) جنوب کی طرف
(C) گھر کی طرف (D) مشرق اور مغرب کی طرف

## اپلی کیشن (Application)

59۔ سورۃ البقرہ کے پہلے رکوع کے مطابق قرآن مجید سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں: [FSD-II-23]
(A) مجاہدین (B) اساتذہ (C) علما (D) متقین

60۔ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہمیں مال خرچ کرنا چاہیے: [FSD-II-23]
(A) مستحقین پر (B) امیروں پر (C) غیر مسلموں پر (D) تاجروں پر

61۔ مالدار لوگوں کی امداد کے مستحق ہیں: [FSD-II]
(A) غریب رشتہ دار (B) مسافر
(C) یتیم (D) یہ تمام

62۔ بے شک ابرار ہوں گے (آیت کی رُو سے): [DGK-I,FSD-II]

(A) جحیم میں (B) گھر میں

(C) نعیم میں (D) میدان میں

## تجزیاتی (Analytical)

63۔ کس موقع پر صبر کرنا چاہیے؟ [SWL-I]

(A) جب مالی تنگی پہنچے (B) جب بیماری پہنچے

(C) جب گھمسان کی لڑائی ہو (D) یہ تمام

64۔ قرآن کی رو سے جو غیر محسوس اور غیر مادی چیزوں پر عقیدہ رکھتے ہیں، وہ ہیں:

(A) غازی (B) مومنین (C) مبلغین (D) حکیم

65۔ قرآن مجید میں نماز کے ساتھ ساتھ کس چیز کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے؟

(A) روزہ (B) حج (C) زکوٰۃ (D) جہاد

## تصوّراتی (Conceptual)

66۔ مُصْلِحُوْنَ سے آپ کون سا معنی مراد لیتے ہیں؟ [DGK-I,FSD-II,BWP-I]

(A) دہشت گرد (B) اصلاح کرنے والے

(C) جھوٹ بولنے والے (D) قتل کرنے والے

67۔ تمھارے خیال کے مطابق تم پر نگہبان مقرر ہیں: [LHR-II,RWP-I]

(A) انسان (B) جن (C) جانور (D) فرشتے

68۔ آپ کے ذہن کے مطابق اللہ کی ہدایات سے کماحقہ فائدہ اُٹھاتے ہیں: [FSD-I]

(A) متقین (B) یہودی (C) عیسائی (D) مسلمین

### جوابات

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| D | .7 | B | .6 | C | .5 | B | .4 | C | .3 | D | .2 | C | .1 |
| D | .14 | B | .13 | C | .12 | D | .11 | B | .10 | B | .9 | B | .8 |
| A | .21 | D | .20 | D | .19 | B | .18 | C | .17 | D | .16 | D | .15 |
| B | .28 | B | .27 | D | .26 | C | .25 | C | .24 | B | .23 | D | .22 |
| C | .35 | D | .34 | B | .33 | B | .32 | A | .31 | A | .30 | A | .29 |
| C | .42 | A | .41 | C | .40 | C | .39 | B | .38 | C | .37 | C | .36 |
| B | .49 | C | .48 | C | .47 | A | .46 | A | .45 | A | .44 | C | .43 |
| D | .56 | B | .55 | A | .54 | C | .53 | B | .52 | A | .51 | B | .50 |
| D | .63 | C | .62 | D | .61 | A | .60 | D | .59 | D | .58 | B | .57 |
| | | | | A | .68 | D | .67 | B | .66 | C | .65 | B | .64 |

## مختصر سوالات (Short Questions)

## نالج (Knowledge)

1۔ "یَوْمُ الدِّیْن" سے کیا مراد ہے؟ [MTN-II-24][MTN-I-25]

**جواب:** "یَوْمُ الدِّیْن" سے مراد قیامت کا دن ہے۔

2۔ تقویٰ سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II-23][SGD-I-25]

**جواب:** تقویٰ دل کی اس کیفیت کو کہتے ہیں جس کے حاصل ہو جانے کے بعد دل کو گناہوں سے جھجک معلوم ہونے لگتی ہے اور نیک کاموں کی طرف اس کا شوق بڑھ جاتا ہے۔ تقویٰ کی ایک دوسری تعریف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام احکام کو بجا لانا اور تمام برائیوں سے دور رہنا تقویٰ ہے۔

3۔ مسکین کسے کہتے ہیں؟ [RWP-I-23]

**جواب:** **مسکین:** مسکین وہ شخص ہوتا ہے جسے امداد کی ضرورت ہو اور اس پر زکوٰۃ فرض نہ ہو۔

4۔ حقیقی نیکی سے کیا مراد ہے؟ [RWP-II-23]

**جواب:** حقیقی نیکی خلوص کے ساتھ ایمان لانے اور عمل کرنے کا نام ہے۔

5۔ سورۃ البقرہ کے مطابق فلاح پانے والے کون لوگ ہیں؟ [FSD-I-23]

**جواب:** **فلاح پانے والے لوگ:** یہ لوگ تقویٰ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ایمان بالغیب پر کاربند ہوتے ہیں، نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کرتے ہیں اور وحی پر ایمان رکھتے ہیں۔ پہلی آسمانی کتابوں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

6۔ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ سے کیا مراد ہے؟ [SGD-I-23]

**جواب:** کِرَامًا کَاتِبِیْنَ سے مراد اللہ تعالیٰ کے وہ معزز فرشتے ہیں جو ہر انسان کے اچھے اور بُرے اعمال لکھتے ہیں۔

7۔ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ سے کیا مراد ہے؟ [SGD-I-23]

**جواب:** قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ کا معنی ہے "اچھی بات کہنا۔" اس سے مراد یہ ہے کہ جب کوئی سائل کچھ مانگنے تو اسے دینے کے لیے اگر کچھ پاس نہ ہو تو خوش کلامی سے اُسے ٹال دیں، جس سے اُس کا دل نہ دکھے۔

8۔ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ سے کیا مراد ہے؟ [MTN-II-23]

**جواب:** ترجمہ: "گویا اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔" مذکورہ بالا آیت سے یہ مراد ہے کہ کافروں کے دلوں پر مہر لگ گئی ہے۔ ان کے دل اچھی بات قبول کرنے کے قابل نہیں ہیں۔

9۔ بدلہ کے دن سے کیا مراد ہے؟ [DGK-II-23]

**جواب:** بدلہ کے دن سے مراد قیامت کا دن ہے۔

10۔ قیامت کے دن کس ہستی کا حکم چلے گا؟ [DGK-II-23]

**جواب:** قیامت کے دن سب سے بڑی ہستی اللہ تعالیٰ کا حکم چلے گا۔

11۔ چار الہامی کتابوں کے نام لکھیے۔ [BWP-I-23]

**جواب:** **چار الہامی کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:** تورات، زبور، انجیل، قرآن مجید

12۔ اَلرِّقَابُ سے مراد کون لوگ ہیں؟ [BWP-I-23]

**جواب:** اَلرِّقَابُ سے وہ لوگ مراد ہیں جو غلامی یا قرض کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ یہ مستحقِ زکوٰۃ ہیں۔

13۔ اَلسَّآئِلِیْنَ سے کیا مراد ہے؟ [LHR-I]

**جواب:** اَلسَّآئِلِیْنَ سے مراد وہ لوگ ہیں جنھیں محتاجی نے سوال کرنے پر مجبور کر دیا ہو۔ ایسے لوگ اپنی محتاجی کا کسی کے آگے ذکر نہیں کرتے بلکہ ان کے چہرے احتیاج اور تنگی کو ظاہر کر رہے ہوتے ہیں۔

14۔ الٓمّٓ کون سے حروف ہیں؟ [RWP-II]

**جواب:** الٓمّٓ حروف مقطعات ہیں۔

15۔ اِنْفَطَرَتْ، کَوَاکِبُ، اِنْتَثَرَتْ، فُجِّرَتْ کے معانی لکھیں۔ [FSD-I,SWL-I]

**جواب:** معانی: پھٹ جائے گا۔ ستارے۔ بکھر جائیں گے۔ بہا دیے جائیں گے۔

16۔ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ سے کیا مراد ہے؟ [LHR-II]

**جواب:** ترجمہ: "مانگنے والے کو مت جھڑکو۔"

**وضاحت:** یہ آیت سائل سے متعلق ہے۔اس میں یہ بات سمجھائی گئی ہے کہ کوشش کریں کہ سائل کی مدد کی جائے۔ کچھ لوگ محتاج ہونے کے باوجود کسی کے سامنے دست دراز نہیں کرتے۔ان کے چہرے احتیاج اور تنگی کو ظاہر کرتے ہیں اس لیے ان کو جھڑ کنا نہیں چاہیے۔

**17۔ قرآن عہد کے متعلق کیا فرماتا ہے؟** **[DGK-II]**

**جواب:** عہد پورا کرو کیونکہ تم سے (قیامت کے دن) عہد کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

## انڈرسٹینڈنگ (Understanding)

**18۔ قیامت کا پہلا مرحلہ بیان کیجیے۔** **[MTN-II-23,24][RWP-II-25]**

**جواب: قیامت کا پہلا مرحلہ:** حضرت اسرافیل علیہ السلام کے پہلی بار صور پھونکنے پر آسمان پھٹ جائے گا۔ نظامِ فلکی تہس نہس ہو جائے گا۔ ستارے بکھر کر تباہ ہو جائیں گے۔ پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح اڑتے پھریں گے۔سمندر بہہ نکلیں گے اور ان کا پانی پھیل جائے گا۔

**19۔ منافقین کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔** **[LHR-I, GUJ-I-23][LHR-II-25]**

**جواب:** منافقین کی دو خصوصیات/علامات درج ذیل ہیں:

(1) منافقین جب بات کرتے ہیں تو جھوٹ بولتے ہیں۔

(2) جب وعدہ کرتے ہیں تو خلاف ورزی کرتے ہیں۔

**20۔ اپنی زندگی سے صبر کے کوئی سے دو مواقع لکھیے۔** **[LHR-II-23][SGD-I-25]**

**جواب:** میری زندگی سے صبر کے دو مواقع درج ذیل ہیں:

(1) ایک بار مجھے سخت بخار ہو گیا تھا، میں نے اس بیماری میں صبر کیا۔

(2) ایک بار میرے پاس خرچ کے لیے کچھ موجود نہ تھا، میں نے کسی سے مانگنے کے بجائے صبر کیا۔

**21۔ قیامت کے دوسرے مرحلہ کو بیان کیجیے۔**
**[GUJ-I-II, SGD-II, RWP-I, SWL-II-23]**

جواب: قیامت کے دوسرے مرحلے میں حضرت اسرافیل علیہ السلام کے دوسری بار صور پھونکنے پر تمام مُردے زندہ ہو جائیں گے اور اپنی قبروں سے نکل کر کھڑے ہوں گے اور کائنات ایک نئے نظام کے تحت موجود ہوگی اس دن کو یوم البعث کہا جاتا ہے۔

**22۔ چار آسمانی کتب کے نام اور جن رسولوں پر نازل کی گئیں ان کے نام لکھیے۔**
**[GUJ-II-23]**

**جواب: چار آسمانی کتب کے نام اور جن رسولوں پر نازل کی گئیں ان کے نام درج ذیل ہیں:**

(1) تورات، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

(2) زبور، حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

(3) انجیل، حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

(4) قرآن مجید، حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ پر نازل ہوئی۔

**23۔ قیامت کے دو مناظر تحریر کیجیے۔** **[RWP-II-23]**

**جواب:** قیامت کے دو مناظر درج ذیل ہیں:

1۔ روزِ قیامت تمام لوگوں کے سامنے ان کا نامۂ اعمال رکھ دیا جائے گا۔

2۔ نیکوکار جنت میں داخل ہوں گے اور بدکار جہنم میں داخل کر دیے جائیں گے۔

**24۔ قرآن مجید کی کوئی سی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔** **[RWP-II-23]**

**جواب:** قرآن مجید کی کوئی سی چار خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ قرآنِ مجید شک و شبہات سے پاک کتاب ہے۔

2۔ قرآنِ مجید میں قیامت تک غلطی کی گنجائش نہیں۔

3۔ قرآنِ مجید فصاحت و بلاغت میں اپنی مثال آپ ہے۔

4۔ قرآنِ مجید حق و باطل، خیر و شر، اچھے اور بُرے کے درمیان تمیز قائم کرنے والی کتاب ہے۔

**25۔ چار مصارف زکوٰۃ تحریر کیجیے۔** **[FSD-I-23]**

**جواب:** چار مصارفِ زکوٰۃ درج ذیل ہیں:

1۔ غریب رشتہ دار 2۔ یتیم 3۔ مسکین 4۔ مسافر

**26۔ سورۃ البقرہ کی روشنی میں کافروں کے گروہ کی وضاحت کیجیے۔** **[FSD-II-23]**

**جواب:** سورۃ البقرہ کی روشنی میں کافروں کے گروہ کی وضاحت یہ ہے کہ یہ اُن لوگوں کا گروہ ہے جنھوں نے قرآنِ مجید کو کتاب اللہ ماننے سے انکار کر دیا۔ ان پر رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی تبلیغ اور آنے والے عذاب سے تہدید بالکل بے معنی ہو کر رہ گئی ہے۔ گویا ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگ گئی ہے اور آنکھوں پر پردہ پڑ گیا ہے۔ ان کے دل اچھی بات کو قبول کرنے اور کان اچھی بات کو سننے اور آنکھیں نیکی اور ہدایت کی راہ دیکھنے کے قابل نہیں ہیں۔ یہ کافروں کا گروہ ہے قیامت کے دن ان کو زبردست عذاب دیا جائے گا۔

**27۔ رشتہ داروں کے کوئی سے دو حقوق تحریر کیجیے۔** **[GUJ-I-24][GUJ-II-25]**

**جواب: رشتہ داروں کے دو حقوق:**

1۔ بوقتِ ضرورت اُن کی حسبِ مقدور مدد کرنا۔

2۔ ہر قسم کی تکلیف پہنچانے سے اجتناب کرتے رہنا اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا۔

**28۔ قرآن پاک کے مطابق چار مستحقین پر نوٹ لکھیے۔** **[SGD-I-23]**

**جواب:** قرآن پاک کے مطابق چار مستحقین درج ذیل ہیں:

1۔ ذَوِی الْقُرْبٰی: صدقات و خیرات کے سب سے زیادہ مستحق اپنے غریب رشتہ دار ہیں قرآن کریم نے بھی انھیں پہلے نمبر پر رکھا۔

2۔ اَلْیَتٰمٰی: رشتہ داروں کے بعد صدقات کے مستحق یتیم ہوتے ہیں جن کے سر سے ان کے باپ کا سایہ بچپن ہی سے اُٹھ گیا ہو۔

3۔ اَلْمَسٰکِیْنَ: تیسرے نمبر پر مسکین لوگ آتے ہیں۔مسکین ایسا شخص ہوتا ہے جسے امداد کی ضرورت ہو اور اس پر زکوٰۃ فرض نہ ہو۔

4۔ اِبنِ السَّبِیْل: چوتھے نمبر پر مسافر آتے ہیں، جنھیں دورانِ سفر مالی امداد کی ضرورت پیش آئے۔ خواہ وہ اپنے وطن میں امیر کیوں نہ ہو۔

**29۔ قرآن مجید میں عہد کی پابندی کے بارے میں کیا حکم ہے؟** **[SGD-I-23]**

**جواب:** قرآن مجید میں عہد کی پابندی کے بارے میں یہ حکم ہے: عہد پورا کرو کیوں کہ تم سے (قیامت کے دن) عہد کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

**30۔ سورۂ بقرہ کے مطابق کافروں کی سزا اور عذاب تحریر کیجیے۔** **[SGD-II-23]**

**جواب:** کافروں کو قیامت کے دن جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ جہاں پر انھیں سخت ترین عذاب ہو گا۔ وہ ہمیشہ کے لیے جہنم کی آگ میں جلتے رہیں گے۔

**31۔ " اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ " کے تحت کون سا کام کرنا چاہیے؟** **[SGD-II-23]**

**جواب:** " اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ " کے تحت یہ کام کرنا چاہیے کہ مانگنے والے کو مت جھڑکا جائے اور کوشش کی جائے کہ مانگنے والے کی کچھ نہ کچھ مدد کر دی جائے۔

**32۔ سورۃ البقرہ کی روشنی میں اَن دیکھی چیزوں پر ایمان لانے کی وضاحت کیجیے۔**
**[MTN-I-23]**

**جواب:** سورۃ البقرہ میں قرآن مجید سے پورا فائدہ اٹھانے والے لوگوں کی جو صفات بیان کی گئی ہیں، اُن میں سے دوسری صفت یہ ہے کہ یہ لوگ اَن دیکھی چیزوں پر ایمان لاتے ہیں۔ اَن دیکھی چیزوں سے مراد غیر محسوس اور غیر مادی چیزیں ہیں۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات، ملائکہ، وحی، جنت و دوزخ وغیرہ۔

**33۔ قیامت کے دن کی کوئی دو علامات لکھیے۔** [MTN-I-23]

**جواب:** قیامت کے دن کی علامات درج ذیل ہیں:

1۔ آسمان پھٹ جائے گا۔ 2۔ نظامِ فلکی تہس نہس ہو جائے گا۔

**34۔ متقی لوگوں کی چار صفات لکھیے۔** [MTN-I-23]

**جواب: متقی لوگوں کی چار صفات درج ذیل ہیں:**

1۔ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔ 2۔ وہ ایمان بالغیب رکھتے ہیں۔
3۔ نماز قائم کرتے ہیں۔ 4۔ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔

**35۔ سورۃ البقرہ کی روشنی میں صبر کے دو اہم مواقع تحریر کیجیے۔** [FSD-I-24]

**جواب:** سورۃ البقرہ کی روشنی میں صبر کے دو اہم مواقع درج ذیل ہیں:

1۔ اول جب مالی تنگی پہنچے (اَلْبَاْسَآء)
2۔ دوم جب کوئی بیماری لاحق ہو۔ (الضَّرَّاء)

**36۔ یوم الدین سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔** [MTN-II-24][GUJ-II-25]

**جواب:** یوم الدین سے مراد قیامت کا دن ہے۔ اس دن صرف اللہ تعالیٰ کا حکم چلے گا اور فیصلہ اسی کا ہوگا۔ اس دن کوئی کسی کے لیے کچھ نہیں کر سکے گا۔

**37۔ قرآن مجید کے مطابق مستحقین کتنی قسم کے ہیں؟** [DGK-II-23]

جواب: قرآن مجید کے مطابق مستحقین کی درج ذیل اقسام ہیں:

1۔ غریب رشتہ دار 2۔ یتیم 3۔ مسکین 4۔ مسافر
5۔ سائلین (محتاجی کی وجہ سے سوال کرنے والے) 6۔ مقروض

**38۔ وعدہ پورا کرنے کے بارے میں کسی قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔** [DGK-II-23]

جواب: ترجمہ: عہد کو پورا کرو بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

**39۔ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ سے کیا مراد ہے؟** [BWP-I-23]

**جواب: ترجمہ:** ''اور جب قبریں کھودی جائیں گی۔''

**وضاحت:** مذکورہ بالا آیت میں قیامت کے دوسرے مرحلہ کو بیان کیا گیا ہے کہ جب حضرت اسرافیل علیہ السلام دوسری بار صور پھونکیں گے تو قبریں پھٹ جائیں گی اور سب لوگ اپنی قبروں سے نکل کر میدان حشر میں جمع ہو جائیں گے۔

**40۔ یوم الحساب (قیامت) کا آخری مرحلہ تحریر کیجیے۔** [LHR-I-24]

جواب: یوم الحساب کے آخری مرحلے میں نیکوکار جنت میں اور بدکار لوگ جہنم میں داخل کر دیے جائیں گے۔

**41۔ جب منافقین کو ایمان کی دعوت دی جاتی ہے تو وہ جواب میں کیا کہتے ہیں؟**
[BWP-II-23][SGD-II-25]

جواب: جب منافقین کو ایمان کی دعوت دی جاتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم ہی تو اصلاح کرنے والے ہیں۔

**42۔ اجزائے ایمان تحریر کیجیے۔** [BWP-II-23]

جواب: **اجزائے ایمان:** اللہ پر ایمان، قیامت پر ایمان، فرشتوں پر ایمان اور آسمانی کتابوں پر ایمان۔

**43۔ نفاق سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟** [SWL-23][GUJ-II-25]

**جواب:** نفاق ایک قلبی بیماری ہے۔ منافقین کی سرکشی کی وجہ سے اس بیماری میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

**44۔ ایفائے عہد کی وضاحت کیجیے۔** [SWL-23][GUJ-I-24]

جواب: ایفائے عہد سے مراد وعدہ پورا کرنا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: ترجمہ: عہد کو پورا کرو۔

**45۔ سورۃ البقرہ میں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی جو مثال بیان ہوئی ہے تحریر کیجیے۔**
[SWL-23]

جواب: جو اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال ایک دانے کی سی ہے جس نے اُگائیں سات بالیاں، ہر بالی میں سو دانے ہیں اور اللہ جس کے لیے چاہتا ہے اور بڑھاتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔

**46۔ الرقاب سے کیا مراد ہے؟** [SGD-II,SWL-I]

جواب: ''اَلرِّقَاب'' سے مراد یہ ہے کہ غلامی یا قرض کے بوجھ سے اپنے آپ کو آزاد کروانے والے۔ یہ لوگ مالدار لوگوں کی امداد کے مستحق ہیں۔ اسلام جب دنیا میں آیا تو غلامی کا دور دورہ تھا۔ اسلام نے ایسی تدابیر اختیار کیں کہ غلامی رفتہ رفتہ ختم ہوتی گئی۔ اسلام نے غلاموں کی رہائی میں خرچ کرنے پر تاکید کی۔

**47۔ منافقت کیا ہے؟** [LHR-II,SGD-I,SGD-II]

**جواب:** ظاہر اور باطن میں تضاد کو منافقت کہا جاتا ہے۔ نفاق ایک قلبی بیماری ہے منافقین کی سرکشی کے باعث اس میں اضافہ ہو جاتا ہے ان کا خیال ہے کہ منافقت کی وجہ سے انہیں کچھ فائدہ پہنچ جائے گا لیکن ایسا ممکن نہیں ہے۔

**48۔ نَعِيْمٌ - فُجَّارٌ - جَحِيْمٌ کے معانی لکھیں۔** [FSD-I,SGD-I]

**جواب:** معانی: آسائش۔ بدکار لوگ۔ تیز دہکتی ہوئی آگ۔

**49۔ ترجمہ لکھیں: وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔** [MTN-I]

**جواب:** ترجمہ: ''اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔''

**50۔ ''ذَوِي الْقُرْبٰى'' کی وضاحت کریں۔** [GUJ-II]

**جواب:** ''ذَوِي الْقُرْبٰى'' کا معنی ہے ''رشتہ دار''۔

**وضاحت:** صدقات و خیرات کے سب سے زیادہ مستحق اپنے غریب رشتہ دار ہیں۔ قرآن مجید نے انھیں پہلے نمبر پر رکھا ہے۔

**51۔ ترجمہ کیجیے۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ** [MTN-I,SWL-II]

**جواب:** ترجمہ: ''اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔''

**52۔ ترجمہ کیجیے۔ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ** [MTN-I]

**جواب:** ترجمہ: ''اور جب قبریں کھودی جائیں گی۔''

**53۔ ترجمہ کریں۔ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ** [DGK-II]

**جواب:** ترجمہ: ''اور اللہ کی حدوں (یعنی احکام) کا خیال رکھنے والے۔''

**54۔ اسلام میں رشتہ داروں کے بعد کس کا حق ہے؟** [SWL-II]

جواب: اسلام میں رشتہ داروں کے بعد یتیم کا حق ہے۔ یعنی رشتہ داروں کے بعد صدقات کے مستحق یتیم ہوتے ہیں جن کے سر سے ان کے باپ کا سایہ بچپن ہی سے اٹھ گیا ہو۔

**55۔ یتیم کسے کہتے ہیں؟** [SWL-I]

**جواب:** ایسے لڑکوں یا لڑکیوں کو یتیم کہتے ہیں جن کے سروں سے بچپن ہی میں ان کے باپ کا سایہ شفقت اٹھ جائے۔ یعنی بچپن ہی میں ان کا والد وفات پا جائے۔

**56۔ ترجمہ کیجیے: وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ** [LHR-I]

**جواب: ترجمہ:** ''تجھے کیا خبر کہ جزا کا دن کیسا ہے؟''

**57۔ غریبوں کے دو حقوق بیان کیجئے۔** [LHR-I]

**جواب:** 1. مقدور بھر مدد کرنا۔ 2. خوشی وغمی میں شریک ہونا۔

**58۔ ترجمہ کیجئے: اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا۔** [LHR-I]

**جواب:** ترجمہ: ''عہد پورا کرو کیونکہ تم سے (قیامت کے دن) عہد کے بارے میں باز پرس ہوگی۔''

**59۔ ترجمہ کیجئے: فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ؁** [LHR-II]

**جواب:** ترجمہ: ''جس شکل میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔''

**60۔ معانی لکھیں: يُوْقِنُوْنَ۔ غِشَاوَةٌ۔** [GUJ-I]

**جواب:** معانی: یقین رکھتے ہیں۔ پردہ۔

**61۔ فُجِّرَتْ، بُعْثِرَتْ کے معنی لکھئے۔** [GUJ-II]

**جواب:** معنی: بہادیے جائیں گے، کھودی جائیں گی۔

**62۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ کا ترجمہ کیجئے۔** [GUJ-II]

**جواب:** ترجمہ: ''گویا اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی۔''

**63۔ وضاحت کیجیے۔ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ۔** [RWP-I,LHR-I/II,GUJ-I]

**جواب:** کراماً کاتبین اللہ تعالیٰ کے وہ معزز فرشتے ہیں جو ہر انسان کے اچھے اور برے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔

**64۔ ترجمہ کریں۔ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔** [RWP-I]

**جواب:** ترجمہ: ''اور آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔''

**65۔ زکوٰۃ کے کوئی سے دو مستحقین لکھئے۔**
[RWP-II,SGD-II,DGK-I,RWP-I/II]

**جواب:** فقرا اور مساکین۔

**66۔ معنی لکھئے۔ بِرٌّ۔ مِصْبَاحٌ** [RWP-II]

**جواب:** بِرٌّ کا معنی ''نیکی''۔ مِصْبَاحٌ کا معنی ''چراغ''۔

**67۔ معنی لکھئے: كَوَاكِبُ، غَآئِبِيْنَ** [FSD-I]

**جواب:** معنی: ستارے، غیر حاضر۔

**68۔ ترجمہ کیجئے: وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ۔** [FSD-I]

**جواب:** ترجمہ: ''اور وہ نماز قائم کرتے ہیں۔''

**69۔ فی سبیل اللہ کا کیا معنی ہے؟** [FSD-II]

**جواب:** معنی: اللہ کی راہ میں۔

**70۔ معانی لکھئے: اَلْبَاْسَآءُ، اَلضَّرَّآءُ** [MTN-I]

**جواب:** معانی: تنگی، بیماری۔

**71۔ ترجمہ کیجئے: وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ** [MTN-II]

**جواب:** ترجمہ: ''حالانکہ تم پر نگہبان (فرشتے) مقرر ہیں۔''

**72۔ ترجمہ کیجئے: ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ** [LHR-II]

**جواب:** ترجمہ: ''اس کتاب میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں۔''

## اپلی کیشن (Application)

**73۔ قیدیوں کی مدد کرنے کے کوئی سے دو طریقے تحریر کیجیے۔** [LHR-I-23]

**جواب:** قیدیوں کی مدد کرنے کے دو طریقے درج ذیل ہیں:

(1) قیدیوں کے کھانے وغیرہ کا خیال رکھا جائے۔

(2) قیدیوں پر تشدد نہ کیا جائے۔

**74۔ سورۃ البقرہ کی روشنی میں منافقین کا کردار تحریر کیجیے۔** [DGK-I-23]

**جواب:** سورۃ البقرہ میں منافقین کا گروہ ان لوگوں پر مشتمل ہے جنھوں نے قرآن مجید کو کتاب اللہ ماننے سے انکار کر دیا۔ ان پر رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی تبلیغ اور آنے والے عذاب سے تہدید بالکل بے معنی ہو کر رہ گئی ہے۔ گویا ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگ گئی ہے اور آنکھوں پر پردہ پڑ گیا ہے۔ ان کے دل اچھی بات کو قبول کرنے اور کان اچھی بات کو سننے اور آنکھیں نیکی اور ہدایت کی راہ دیکھنے کے قابل نہیں ہیں۔ یہ کافروں کا گروہ ہے قیامت کے دن ان کو زبردست عذاب دیا جائے گا۔

## تجزیاتی (Analytical)

**75۔ ضدی سائل سے کیسا سلوک کیا جائے؟** [LHR-I-23][DGK-II-24]

**جواب:** ضدی سائل کو جھڑکنا نہیں چاہیے بلکہ کوشش یہ کرنی چاہیے کہ ایسے لوگوں کی بھی کچھ مدد کی جائے۔ اگر انسان ضدی سائل کی مدد کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو انھیں خوش کلامی سے ٹال دے۔

**76۔ قرآنِ مجید میں کن دو چیزوں کو صدقہ سے بہتر قرار دیا گیا ہے؟** [GUJ-II-23]

**جواب:** (i) خوش کلامی کو بہتر صدقہ قرار دیا گیا ہے۔

(ii) نرم الفاظ میں اظہار معذرت کرنا اور جب سائل بدتہذیبی کا مظاہرہ کرے تو اس وقت عفو و درگزر سے کام لینا صدقہ ہے۔

**77۔ قرآنی اصطلاح میں متقی کون کہلاتا ہے؟** [RWP-I-23]

**جواب:** قرآن پاک بنی نوع انسان کے لیے ہدایت ہے۔ وہ لوگ جنھوں نے اس کتاب کو اللہ تعالیٰ کی کتاب سمجھ کر اپنے سینے سے لگایا۔ اس کے اوپر سختی سے عمل کیا اور اس کی نواہی سے اجتناب کیا وہ لوگ قرآنی اصطلاح میں متقی کہلاتے ہیں۔

## تصوّراتی (Conceptual)

**78۔ ضرورت مندوں کے ساتھ ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟** [DGK-I-23]

**جواب:** ضرورت مندوں کے ساتھ ہمارا رویہ ہونا چاہیے کہ اُن کی بقدرِ استطاعت مدد کر دینی چاہیے۔

**79۔ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟** [FSD-I-23]

**جواب:** وَاِنَّ الْفُجَّارَ سے مراد فاجر لوگ ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ کے حقوق اور بندوں کے حقوق میں کوتاہی کی ہے۔

لَفِيْ جَحِيْمٍ کا معنی ہے جہنم میں ہوں گے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ بدکار لوگ روزِ قیامت جہنم میں داخل کر دیے جائیں گے۔

**80۔ اَلْمُفْسِدُوْنَ، مُسْتَهْزِءُوْنَ میں آپ کے خیال کے مطابق کیا فرق؟** [MTN-II]

**جواب:** معانی: فسادی۔ مزاح کرنے والے۔

**81۔ آپ کے تصور کے مطابق نَعِيْمٌ اور جَحِيْمٌ میں کیا فرق ہے؟** [LHR-I]

**جواب:** نَعِيْمٌ اور جَحِيْمٌ میں فرق یہ ہے کہ نَعِيْمٌ کا معنی ہے آرام، آسائش، خوشی۔ جبکہ جَحِيْمٌ کا معنی ہے تیز دہکتی ہوئی آگ یعنی جہنم۔

AL-RAZI PUBLICATIONS

| فارمیٹو اسیسمنٹ نمبر1 (باب اوّل: القرآن آیات جز 11, 12, 13) | پنجاب بھر کے بورڈز کے نئے جاری کردہ 2025ء کے ماڈل پیپرز کے عین مطابق |
|---|---|

Date: D D M M Y Y Y Y Morning (M) Evening (E)

Roll No. | Paper Code

رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے) پیپر کوڈ: 1051

سوالیہ پرچہ: I (معروضی طرز) وقت: 15 منٹ کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**نالج (Knowledge)، انڈرسٹینڈنگ (Understanding) اور اپلی کیشن (Application) کی بنیاد پر تیار کردہ سوالات 75%**

1. قرآن پاک کو قبول یا نہ قبول کرنے کے لحاظ سے انسان کتنے گروہوں میں منقسم ہے؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار — 1. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

2. قیامت کے دن صور پھونکنا ذمہ داری ہے:
(A) حضرت جبریل علیہ السلام کی (B) حضرت میکائیل علیہ السلام کی (C) حضرت عزرائیل علیہ السلام کی (D) حضرت اسرافیل علیہ السلام کی — 2. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

3. انسانوں کا نامہ اعمال کون لکھتے ہیں؟
(A) منکر نکیر (B) ھابیل قابیل (C) کراماً کاتبین (D) ھاروت و ماروت — 3. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

4. صبر کے کڑے اور سخت مواقع ہیں:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ — 4. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

5. "اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ" کس سورۂ مبارکہ کی آیت ہے؟
(A) سورۂ لقمان (B) سورۂ الفیل (C) سورۂ البقرہ (D) سورۂ الملک — 5. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

6. " قَدَّمَتْ " کا معنی ہے:
(A) نصیحت کی (B) منع کیا (C) پیچھے چھوڑا (D) آگے بھیجا — 6. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

7. سورہ بقرہ کے مطابق ان کی آنکھوں پر پردہ ہے:
(A) منافقوں کی (B) کافروں کی (C) برے لوگوں کی (D) مشرکین — 7. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

8. "کواکب" کا معنی ہے:
(A) ستارہ (B) ستارے (C) سیّارہ (D) سیارے — 8. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

9. سورۃ البقرہ کے پہلے رکوع کے مطابق قرآن مجید سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں:
(A) مجاہدین (B) اساتذہ (C) علما (D) متقین — 9. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

10. اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہمیں مال خرچ کرنا چاہیے:
(A) مستحقین پر (B) امیروں پر (C) غیر مسلموں پر (D) تاجروں پر — 10. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

11. مالدار لوگوں کی امداد کے مستحق ہیں:
(A) غریب رشتہ دار (B) مسافر (C) یتیم (D) یہ تمام — 11. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

12. بے شک ابرار ہوں گے (آیت کی رُو سے):
(A) جحیم میں (B) گھر میں (C) نعیم میں (D) میدان میں — 12. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

**تجزیاتی (Analytical) اور تصوّراتی (Conceptual) بنیاد پر تیار کردہ سوالات 25%**

13. کس موقع پر صبر کرنا چاہیے؟
(A) جب مالی تنگی پہنچے (B) جب بیماری پہنچے (C) جب گھمسان کی لڑائی ہو (D) یہ تمام — 13. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

14. مُصْلِحُوْنَ سے آپ کون سا معنی مراد لیتے ہیں؟
(A) دہشت گرد (B) اصلاح کرنے والے (C) جھوٹ بولنے والے (D) قتل کرنے والے — 14. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

15. تمھارے خیال کے مطابق تم پر نگہبان مقرر ہیں:
(A) انسان (B) جن (C) جانور (D) فرشتے — 15. Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوارخود پر کرے) | اسلامیات (اختیاری) | (دہم کلاس) |
| (انشائیہ طرز) | وقت:1:45 گھنٹے | کل نمبر:40 |

## (حصہ اول)

-2 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

**نالج (Knowledge)، انڈرسٹینڈنگ (Understanding) اور اپلی کیشن (Application) کی بنیاد پر تیار کردہ سوالات 75%**

(i) یوم آخرت کے آخری مرحلہ سے کیا مراد ہے؟
(ii) اِنۡفَطَرَتۡ، کَوَاکِبُ، اِنۡتَثَرَتۡ، فُجِّرَتۡ کے معانی لکھیں۔
(iii) قیامت کے دوسرے مرحلہ کو بیان کیجیے۔
(iv) زکوٰۃ کے کوئی سے دو مستحقین لکھئے۔
(v) قیدیوں کی مدد کرنے کے کوئی سے دو طریقے تحریر کیجیے۔
(vi) سورۃ البقرہ کی روشنی میں منافقین کا کردار تحریر کیجیے۔

**تجزیاتی (Analytical) اور تصوّراتی (Conceptual) بنیاد پر تیار کردہ سوالات 25%**

(vii) ضدی سائل سے کیسا سلوک کیا جائے؟
(viii) الرقاب سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

**نالج (Knowledge)، انڈرسٹینڈنگ (Understanding) اور اپلی کیشن (Application) کی بنیاد پر تیار کردہ سوالات 75%**

(i) سورۃ البقرہ کے مطابق فلاح پانے والے کون لوگ ہیں؟
(ii) ''یَوۡمُ الدِّیۡنِ'' سے کیا مراد ہے؟
(iii) قیامت کا پہلا مرحلہ بیان کیجیے۔
(iv) منافقین کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔
(v) چار آسمانی کتب کے نام اور جن رسولوں پر نازل کی گئیں ان کے نام لکھیے۔
(vi) قرآن مجید کی کوئی سی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔

**تجزیاتی (Analytical) اور تصوّراتی (Conceptual) بنیاد پر تیار کردہ سوالات 25%**

(vii) قرآنِ مجید میں کن دو چیزوں کو صدقہ سے بہتر قرار دیا گیا ہے؟
(viii) اَلۡمُفۡسِدُوۡن، مُسۡتَھۡزِءُوۡنَ میں آپ کے خیال کے مطابق کیا فرق ہے؟

-4 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

**نالج (Knowledge)، انڈرسٹینڈنگ (Understanding) اور اپلی کیشن (Application) کی بنیاد پر تیار کردہ سوالات 75%**

(i) بدلہ کے دن سے کیا مراد ہے؟
(ii) قیامت کے دن کس ہستی کا حکم چلے گا؟
(iii) چار آسمانی کتب کے نام اور جن رسولوں پر نازل کی گئیں ان کے نام لکھیں۔
(iv) سورۃ البقرہ کی روشنی میں کافروں کے گروہ کی وضاحت کیجیے۔
(v) ترجمہ کیجیے۔ وَلَھُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ
(vi) وضاحت کیجیے۔ کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ۔

**تجزیاتی (Analytical) اور تصوّراتی (Conceptual) بنیاد پر تیار کردہ سوالات 25%**

(vii) **قرآنی اصطلاح میں متقی کون کہلاتا ہے؟**
(viii) **وَاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِیۡ جَحِیۡمٍ سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟**

## (حصہ دوم)

.5 **درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔** (5+5)

(ا) وَ اِذَا لَقُوا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا ج وَ اِذَا خَلَوۡا اِلٰی شَیٰطِیۡنِهِمۡ قَالُوۡۤا اِنَّا مَعَکُمۡ لا (ب) اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا سَوَآءٌ عَلَیۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ٥
(ج) وَاِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ٥ عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَاَخَّرَتۡ٥ یٰۤاَیُّهَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ٥

.6 **درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے۔** (5)

(ا) وَالَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ج وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ٥ط (ب) وَاِنَّ عَلَیۡکُمۡ لَحٰفِظِیۡنَ٥لا کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ٥لا یَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ٥

.7 **درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔** (5+5)

(ا) مصارفِ زکوٰۃ تفصیل سے بیان کیجیے۔
(ب) یوم الحساب کے کتنے مراحل ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔ (ج) قرآن مجید سے فائدہ اٹھانے والے لوگوں کی صفات بیان کیجیے۔

.8 **درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تحریر کیجیے۔** (5)

(ا) قرآن مجید کو قبول کرنے اور نہ کرنے کے لحاظ سے انسان کتنے گروہوں میں منقسم ہیں؟ (ب) صبر کے کڑے اور سخت مراحل تفصیل بیان کیجیے۔

# الرازی

# اَپ ٹو ڈیٹ پیپرز

## بورڈ پیپرز (پہلا، دوسرا گروپ)

## 2024-2025

| اسلامیات (اختیاری) فیصل آباد بورڈ 2024ء | پہلا گروپ | رول نمبر:______ | وقت: 20 منٹ | (معروضی طرز) | کل نمبر: 15 |
|---|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ احسان کرنے والے کا شکریہ ادا کرنا ہے: (A) واجب (B) سنت (C) فرض (D) ضروری

2۔ سلام کرنا سنت مگر اس کا جواب دینا: (A) فرض (B) واجب (C) سنت (D) مستحب

3۔ حقیقی نیکی انہوں نے کی جنہوں نے نماز قائم کی اور: (A) زکوٰۃ دی (B) روزے رکھے (C) حج کیا (D) وعدہ پورا کیا

4۔ اللہ تعالیٰ نے دلوں پر مہر لگا دی ہے: (A) منافقوں کے (B) کافروں کے (C) مشرکوں کے (D) بُرے لوگوں کے

5۔ " رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا " کس سورۃ کی آیت ہے؟ (A) سورۃ النور (B) سورۃ الھود (C) سورۃ الیوسف (D) سورۃ بنی اسرائیل

6۔ بغیر تحقیق کے بات کرنے سے معاشرے پر اثر ہوگا: (A) منقسم (B) فساد (C) عدل (D) ظلم

7۔ قرآن پاک قبول کرنے یا نہ کرنے کے لحاظ سے سارے انسان کتنے گروہوں میں منقسم ہیں؟: (A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

8۔ يَسْمَعُ فعل ہے: (A) ماضی (B) مضارع (C) امر (D) نہی

9۔ مِنْ کا معنی ہے: (A) پر (B) نیچے (C) میں (D) سے

10۔ ہر شخص کی صلاحیت کے مطابق ذریعہ معاش مہیا کرنا فرض ہے: (A) والدین کا (B) معاشرے کا (C) خاندان کا (D) حکومت کا

11۔ اسلام کس حالت میں روزی کمانے کی اجازت نہیں دیتا؟: (A) سود کے ذریعے (B) تجارت کے ذریعے (C) زراعت کے ذریعے (D) شکار کے ذریعے

12۔ ارکان اسلام کی روح ہے: (A) نماز (B) روزہ (C) حج (D) جہاد

13۔ دنیا میں جس قدر پیشے ہیں وہ سب ہیں: (A) علم (B) تجارت (C) کاروبار (D) کمائی

14۔ یقیناً مشرکین ہیں: (A) نااہل (B) ناسمجھ (C) ناپاک (D) بے حیاء

15۔ قرآن مجید کی عملی تفسیر ہیں: (A) حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ (B) صحابہ کرامؓ (C) فقہا (D) اولیاء

---

| اسلامیات (اختیاری) فیصل آباد بورڈ 2024ء | دوسرا گروپ | رول نمبر:______ | وقت: 20 منٹ | (معروضی طرز) | کل نمبر: 15 |
|---|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ رسول خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّم کی اطاعت ہے: (A) مباح (B) فرض (C) سنت (D) جائز

2۔ اہل یورپ اپنی جہالت دور کرنے کے لیے رخ کرتے تھے: (A) مصر (B) ایران (C) اندلس (D) ہند

3۔ قاضی کو کس حالت میں فیصلہ کرنے سے منع کیا گیا ہے؟: (A) غصّہ (B) خوشی (C) غمی (D) نشہ

4۔ ارکان رکن کی جمع ہے اور رکن کے معنی ہیں: (A) دیوار (B) ستون (C) چھت (D) دروازہ

5۔ سچا امانت دار تاجر قیامت کے دن ساتھ ہوگا: (A) شہداء (B) علماء (C) اولیاء (D) متقین

6۔ مَنْ ضَرَبَكَ میں " مَنْ " ہے: (A) نافیہ (B) استفہامیہ (C) موصولہ (D) زائدہ

7۔ مبتدا ہمیشہ ہوتا ہے: (A) مفرد (B) جمع (C) نکرہ (D) معرفہ

8۔ شَبْعَان کا معنی ہے: (A) پیاسا (B) بھوکا (C) سیر ہو جانے والا (D) تھکا ہوا

9۔ بغیر اجازت کسی کا مال استعمال کرنا ہے: (A) حرام (B) واجب (C) جائز (D) حلال

10۔ **يَوْمُ الْبَعْثِ قیامت کا مرحلہ ہے:** (A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) آخری

11۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ آیت میں "الْكِتٰبُ" سے کیا مراد ہے: (A) زبور (B) انجیل (C) تورات (D) قرآن مجید

12۔ یوم آخرت پر یقین رکھتے ہیں: (A) کفار (B) متقی (C) ظالم (D) گنہگار

13۔ بدگمانی بعض اوقات درجہ رکھتی ہے: (A) منافقت کا (B) حرام کا (C) گناہ کا (D) حلال کا

14۔ فضول خرچی کرنے والا بھائی ہے: (A) شیطان کا (B) فرشتوں کا (C) مسلمانوں کا (D) کافروں کا

15۔ تعلیمات اسلامی میں توحید کو مقام حاصل ہے: (A) ثانوی (B) آخری (C) بنیادی (D) وسطی

AL-RAZI PUBLICATIONS

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اسلامیات (اختیاری) فیصل آباد بورڈ 2024ء | پہلا گروپ | رول نمبر:________ | وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ | (انشائیہ طرز) | کل نمبر: 60 |

## حصہ اوّل

2. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) نَعِیم اور جَحِیم میں کیا فرق ہے؟ (ii) سورۃ البقرۃ کی روشنی میں صبر کے دو مواقع تحریر کیجئے۔ (5 x 2 = 10)
(iii) رحم کے بارے میں ایک حدیث یا اس کا ترجمہ لکھئے۔ (iv) یورپ کی موجودہ ترقی کیونکر ممکن ہوئی؟ (v) طہارت کی دو اقسام بیان کیجئے۔ (vi) مشرک اللہ تعالیٰ کا باغی کیسے ہے؟
(vii) فضول خرچ کو شیطان کا بھائی کیوں کہا گیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔ (viii) اِلٰی اور عَلٰی کو عربی جملوں میں استعمال کیجئے۔

3. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے کے دو فوائد تحریر کیجئے۔ (ii) علم طب کے دو فوائد تحریر کیجئے۔ (5 x 2 = 10)
(iii) حدیث میں عصبیت کی کیوں ممانعت فرمائی گئی ہے؟ (iv) خوش کلامی کو اذیت دینے والے صدقہ سے کیوں بہتر کہا گیا ہے؟ (v) مدعی اور مدعا علیہ سے کیا مراد ہے؟
(vi) جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھئے۔ (vii) روزی کمانے کے کوئی سے دو ناجائز ذرائع کا نام لکھئے۔ (viii) فعل ماضی کے جمع کے دو صیغے تحریر کیجئے۔

4. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) قتل اولاد کی ممانعت کیوں کی گئی ہے؟ وضاحت کیجئے۔ (ii) ترجمہ کیجئے۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ (5 x 2 = 10)
(iii) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ کا مفہوم واضح کیجئے۔ (iv) حیا کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ کیجئے۔ (v) والدین کے دو فرائض بیان کیجئے۔ (vi) ایک ڈاکٹر اور انجینئر کے دو فرائض تحریر کیجیے۔
(vii) اسلامی عبادات کے دو فوائد لکھئے۔ (viii) فعل مجہول کی تعریف کیجئے۔

## حصہ دوم

5. درج ذیل میں سے کوئی سے دو آیات کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (5 x 2 = 10)
(ا) ثُمَّ مَآ اَدْرٰكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ۝ (ب) وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ
(ج) وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ۝

6. درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (5)
(ا) اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ (ب) إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَأَهُمْ بِالسَّلَامِ

7. درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کے جوابات لکھئے۔ (5 + 5 = 10)
(ا) طہارت کی پانچ اقسام مختصراً بیان کیجئے۔ (ب) اکل حلال کے کوئی سے پانچ جائز ذرائع پر نوٹ لکھئے۔
(ج) کسی ملک میں سماجی انصاف کا جائزہ لینے کے لیے کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

8. ضمیر متصل کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین مثالیں لکھئے۔ **یا** مرکب کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین مثالیں لکھئے۔ (5)

---

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اسلامیات (اختیاری) فیصل آباد بورڈ 2024ء | دوسرا گروپ | رول نمبر:________ | وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ | (انشائیہ طرز) | کل نمبر: 60 |

## حصہ اوّل

2. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) نامہ اعمال کی وضاحت کیجئے۔ (ii) بداعمالیوں کی دو بڑی وجوہات تحریر کیجئے۔ (iii) شکر منعم کیوں ضروری ہے؟ (5 x 2 = 10)
(iv) افعال میں توحید کا مفہوم واضح کیجئے۔ (v) شرک کے دو نقصانات تحریر کیجئے۔ (vi) حضور خاتم النبین خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ قرآنِ ناطق ہیں وضاحت کیجئے۔
(vii) اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَان کا مفہوم واضح کیجئے۔ (viii) اسم ضمیر کی عربی میں دو مثالیں تحریر کیجئے۔

3. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) ترجمہ کیجئے۔ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ (ii) اسلام میں قتل عمد کی کیا سزا ہے؟ (iii) دوسرا علم کون سا ہے؟ (5 x 2 = 10)
(iv) حدیث کی رُو سے کون سے کاموں میں آگے بڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے؟ (v) انسان کی دوسری مخلوقات پر فضیلت میں علم کا کردار تحریر کیجئے۔ (vi) جہاد کی اہمیت دو جملوں میں تحریر کیجئے۔
(vii) زراعت کا پیشہ کیسے رزق حلال بنتا ہے؟ (viii) کوئی سے دو حروف عطف کو عربی جملوں میں استعمال کیجئے۔

4. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔ (i) رشتہ داروں کے دو حقوق بیان کیجئے۔ (ii) فرض شناسی سے کیا مراد ہے؟ (iii) حدیث کی رُو سے بہترین انسان کون ہے؟ (5 x 2 = 10)
(iv) ایک سچے اور امانت دار مسلمان تاجر کی فضیلت حدیث کی رُو سے بیان کیجئے۔ (v) خطبہ حجۃ الوداع کے دو نکات لکھئے۔ (vi) شکر کے بارے میں ایک حدیث یا ترجمہ لکھئے۔
(vii) مرکب توصیفی کی دو مثالیں لکھئے۔ (viii) تمسخر اُڑانے کی ممانعت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

## حصہ دوم

5. درج ذیل میں سے کوئی سے دو آیات کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (5 x 2 = 10)
(ا) فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (ب) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِالْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ (ج) وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

6. درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے کسی ایک کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ (5)
(ا) مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ (ب) اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ۔

7. درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کے جوابات لکھئے۔ (5 + 5 = 10)
